باب
2

# چھپن چھپائی



## آپ کہاں چھپے ہیں؟





منظر 1


منظر 2


منظر 3


منظر 4

## آیئے کریں

.1 تصویر کو دیکھیے اور مندرجہ ذیل کا جواب دیجیے:

a. بچے کون سا کھیل کھیل رہے ہیں؟ ________

b. اوپر سے کون دیکھ رہا ہے؟ ____________

c. منظر 1 میں، اگر رانی جھونپڑی کی طرف منھ کرے گی تو کیا وہ دیکھ پائے گی کہ جھونپڑی کے قریب کون کون چھپے ہوئے ہیں؟ ____________

گفتگو کیجیے۔

منظر 4 میں، کیا مینی تمام بچوں کو کھیلتے ہوئے دیکھ سکتی ہے؟ گفتگو کیجیے۔

بھولو کو یہ دیکھ کر بڑی حیرانی ہوئی کہ اوپر سے یہ درخت کیسا نظر آتا ہے۔



جگت نے سامنے سے درخت کی تصویر کھینچی۔

2. مینی، بھولو اور رانی ایک ہی اینٹ کی ڈرائنگ بناتے ہیں۔ ان کی ایک ہی اینٹ کی ڈرائنگ الگ الگ کیوں ہیں؟ گفتگو کیجیے۔




کس کی ڈرائنگ میں مندرجہ ذیل مناظر دکھائے گئے ہیں؟

| اینٹ کی ڈرائنگ کا منظر | بچے کا نام |
|---|---|
| بالائی منظر | |
| سامنے کا منظر | |
| دائیں یا بائیں کا منظر | |

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** بچے الگ الگ جوابات دے سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ تصاویر میں موجود مناظر کی اقسام پر بھی گفتگو کیجیے۔ مثال کے طور پر، بالائی منظر، دائیں یا بائیں کا منظر اور سامنے کا منظر۔

© NCERT not to be republished

3. تصاویر کو دیکھیے اور اشیا کا نام لکھیے۔ یہ بھی لکھیے کہ شے کا کون سا منظر دیا گیا ہے۔



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________




نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________



نام ____________________
منظر ____________________

© NCERT not to be republished

2. جگت اور رانی نے ایک ہی طرح کی اشیا کی مختلف ڈرائنگ بنائی ہیں۔ اشیا کے ساتھ مناظر کو ملائیے۔
















اپنے ارد گرد دیکھیے! مختلف مناظر سے کرسیاں، میزیں، بغلی منظر، پیش منظر، بالائی منظر، پنسل، ربر، سالگرہ کی ٹوپی اور بوتل جیسی اشیا کی ڈرائنگ بنانے کی کوشش کیجیے۔

## ڈبیا نما عمارتیں

جگت اور مینی کھیل رہے ہیں۔ وہ خالی ماچس کی ڈبیوں کا استعمال کرتے ہوئے مختلف عمارتیں بنا رہے ہیں اور اپنی ڈرائنگ کو مختلف مناظر سے پیش کر رہے ہیں۔





بالائی منظر


عقبی منظر



سامنے کا منظر

اب، آپ بھی مختلف عمارتیں بنانے اور ان کے بالائی، بغلی اور پیش منظروں کو کھینچنے کے لیے خالی ماچس کی ڈبیاں یا کوئی اور خالی باکس جمع کیجیے۔ آپ اپنے دوستوں کو اپنی ڈرائنگ کو صحیح عمارت کے ساتھ ملانے کے لیے کہہ کر چیلنج کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## بلی نے جگت کو ڈھونڈ لیا

اگلے دن، پانچوں دوست خوش و خرم اسکول جاتے ہیں کیوں کہ آج سرگرمی کا دن ہے۔ جگت کی پالتو بلی اس کے پیچھے پیچھے اسکول چلی آتی ہے۔ بلی کھڑکی پر بیٹھ کر جگت کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتی ہے۔




© NCERT not to be republished

### آیئے کریں

جگت کی بلی دیکھتی ہے کہ وہ پہلی قطار میں تیسری میز پر بیٹھا ہوا ہے۔

1. تصویر میں جگت کی پوزیشن پر نشان لگایئے۔
2. نیلے رنگ کے بیگ کی پوزیشن بیان کیجیے ______________۔
3. آپ کو دوسری قطار کی درمیانی میز پر کیا دکھائی دیتا ہے؟ ______________۔
4. نوٹ بک کہاں رکھی ہوئی ہے — دوسری قطار میں پہلی ڈیسک پر یا تیسری قطار میں درمیانی ڈیسک پر؟
5. دوسری قطار کی تیسری میز پر سیب کی ایک تصویر بنایئے۔

## گرڈ کا کھیل




بھولو کا گرڈ




گرڈ کو بھرنے کے لیے رانی کے ذریعہ دیے گئے اشارے یہ ہیں:

- اوپری بائیں کونے میں ایک ربر۔
- اوپری دائیں کونے میں ایک پنسل۔
- دوسری قطار اور دوسرے کالم کے وسط میں ایک سیب۔
- تیسری قطار اور دوسرے کالم میں پانی کی بوتل۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** بچوں کو کلاس میں گرڈ کا کھیل کھیلنے کا موقع فراہم کیجیے۔ وہ میز پر یا فرش پر گرڈ کی لائنیں کھینچ سکتے ہیں۔ وہ مختلف اشیا کو گرڈ کے مختلف مقامات پر رکھ سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## گرڈ کا کھیل — خزانے کی تلاش

اس کھیل میں ایک کھلاڑی کو گرڈ سے کسی شے کے بارے میں سوچنا ہوتا ہے اور دوسرے کھلاڑی کو اسے تلاش کرنے میں مدد کرنی ہوتی ہے۔

آیئے دیکھیں کہ جگت اور مینی کیسے کھیل رہے ہیں۔




جگت نے کس چیز کے بارے میں سوچا تھا؟

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** کیسے کھیلیں۔ 4×4 گرڈ میں اشیا رکھی جاتی ہیں۔ پہلا کھلاڑی دوسرے کھلاڑی کو اشارے دے کر اس چیز تک پہنچنے میں مدد کرتا ہے جس کے بارے میں اس نے سوچا ہے۔ کھلاڑی اوپر، نیچے، بائیں یا دائیں حرکت کر سکتے ہیں۔ آڑی حرکت کی اجازت نہیں ہوتی۔ بچے اس کھیل کو جوڑے میں کھیل سکتے ہیں۔ طالب علم کو راستوں کے بارے میں لکھنے/بات کرنے دیجیے: انھیں اشارے/سوالات/خالی جگہوں کو بھرنے والے الفاظ فراہم کیجیے، جیسے نقطۂ آغاز سے، میں ___ قدم بائیں/دائیں طرف بڑھا۔ پھر میں ___ قدم اوپر/نیچے بڑھا، وغیرہ۔

© NCERT not to be republished

اپنے ساتھی کے ساتھ یہ کھیل کھیلیے۔




نقطۂ آغاز سے پھول تک پہنچنے کے لیے راستوں پر آگے بڑھیے۔ ہر راستے کے لیے کتنے قدم بڑھانے کی ضرورت ہے؟

پھول تک پہنچنے کے لیے مختلف راستوں کو بولیے یا لکھیے۔

نقطۂ آغاز سے، آپ اسی تعداد کے قدموں میں کہاں پہنچیں گے: آم تک یا سنترے تک؟

## اسکول کے ارد گرد ڈرون



گیان کو ایک ڈرون ملا ہے جسے وہ اپنے دوستوں کو دکھاتا ہے۔ ڈرون پرواز کے دوران تصاویر لے سکتا ہے۔




ان جگہوں یا چیزوں پر دائرہ بنایئے جنھیں آپ تصویروں میں دیکھتے ہیں اور ان کے نام لکھیے۔

© NCERT not to be republished

پریت کی بڑی بہن نے اسکول کا نقشہ بنایا ہے۔ آپ آسانی سے نقشے پر گریڈ 4 تلاش کر سکتے ہیں۔

گریڈ 4 کے کمرۂ جماعت سے اسٹیج تک کا راستہ تلاش کیجیے۔




آپ کتنے راستے تلاش کرنے میں کامیاب رہے؟ ________ (آپ مختلف راستوں کو معلوم کرنے کے لیے مختلف رنگوں کی پنسلیں استعمال کر سکتے ہیں)

سب سے مختصر راستہ کون سا ہے؟ آپ کو کیسے پتہ چلا؟

پانی لانے والا شخص داخلی دروازے سے دائیں طرف مڑا ہے۔ اسے راستہ بتا کر ایم ڈی ایم کچن تک پہنچنے میں مدد کیجیے۔ ذیل میں ہدایات لکھیے۔

________________________________

رجت کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ آپ اسے لائبریری سے میڈیکل روم تک لے جانے کے لیے کس راستے کا انتخاب کریں گے؟

کھیل کے میدان میں اسمبلی کے بعد، بھولو کو آئی ٹی روم میں جانا ہے اور رانی کو اسپورٹس روم میں جانا ہے۔

ان کے راستوں کو معلوم کیجیے۔ کون سا راستہ لمبا ہے؟

________________________________

© NCERT not to be republished

## آیئے کریں (پروجیکٹ کا کام)

اپنے اسکول کے داخلی دروازے سے اپنے کمرۂ جماعت اور کسی بھی دیگر اہم مقام تک راستہ دکھانے کے لیے ایک نقشہ بنائیے۔

© NCERT
not to be republished